بے قصوروں پر ظلم نہیں کیا۔۔
پر ظلم کا بدلہ ضرور لیا جاتا ہے۔

خامشی کا شور

وہ مجرم تھا یا انصاف کا سفیر؟

عشق، درد اور انتقام
کی ایک داستان

از قلم : اقرا قریشی

مکمل ناول

ناول..(خاموشی کا شور)

از:اقراء قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نوٹ: یہ کہانی کمزور دل والوں کے لئے نہیں ہے یہ داستان ایک ایسے شخص کی ہے۔ جس نے اپنے بچپن میں لاشیں گنی تھی۔ جس کے ہاتھ خون سے رنگے۔۔۔۔۔ہیں پر دل اس کا 20 سال سے ویران تھا۔

یہ کہانی ''بارلاس پاشا'' کی ہے۔ یہ کہانی ایک قاتل کی ہے جو پتھر دل تھا۔ پر ٹھہرو..... یہ کہانی اس لمحہ کی بھی ہیں۔ جب ایک ہرن کی۔ آنکھوں نے اسے

پتھر سے موم بنادیا۔جب ایک ڈاکٹر نے قاتل کے زخموں پر مرہم لگایا۔جب خون پر ''عشق غالب آگیا۔

اس ناول میں گولیاں بھی ہیں اور غزلیں بھی۔ محبت بھی ہے اور نفرت بھی۔دھوکہ بھی ہے اور وفا بھی یہ خاموشی کے شور کا عشق ہے۔یہاں ہر صحفہ پلٹنے پر دل دھڑکے گا۔''کبھی خوف سے تو کبھی عشق سے''

آپ کی دعاؤں کی طلبگار

اقراء قریشی

14اپریل2026

. . . . . .

قبرستان والی حویلی رات کے تین بج رہے۔کالی رات' بجلی کڑک رہی۔اندھیرے میں صرف ایک لالٹین جل رہی تھی۔حویلی کے تہہ میں

میرال بندھی ہوئی تھی۔ سامنے دیوار پر لکھا ہوا تھا"""یہاں صرف موت کا راج ہے""" دروازہ کھلا۔ سب سے پہلے: شایان پاشا جو سگریٹ کا دھواں چھوڑتا ہوا آیا جیسے لاش جلا رہا ہو۔ آیان پاشا لیپ ٹاپ پر کچھ ٹائپ کر رہا تھا۔ "باس پولیس کا سگنل جیم کر دیا ہے اب یہاں کوئی نہیں آسکے گا"

ارحم پاشا نظر جھکائے ہوئے اس حالات میں آیا جیسے وہ خود کو خود ہی دفن کرنا چاہیے۔ ان سب کو دیکھ کر میرال اور سلمہ اس قدر ڈر گئی کہ ان کو سانس لینا بھی بھول گیا۔ اور پھر وہ آیا جس کا ان تینوں کو انتظار تھا۔ سفید شلوار قمیض پر خون کا ایک چھینٹا۔ آنکھیں خون کی طرح سرخ۔ اس کے آنے سے سب کچھ ساکن ہو گیا۔ کمرے میں موت جیسی خاموشی چھا گئی۔

تبھی کمرے کے کونے سے کانپتی ہوئی آواز آئی ۰۰

(: ڈرو خدا سے ۰۰۰ ڈرو خدا کی پکڑ سے ۰۰۰ اے ظالموں ڈرو اس ذات سے) سب نے اس محصوم آواز والی لڑکی کی طرف دیکھا۔ آنے والی شخصیت ہلکی

سی مسکرائی۔ وہ آواز برف سے زیادہ ٹھنڈی تھی۔ وہ اس سے مخاطب ہوا: اس ذات نے ہم پر رسی ڈھیلی چھوڑ دی ہے۔ جس دن خدا کو ہماری یاد آئے گی.... اس دن قیامت خود ہم سے پناہ مانگے گی۔ تب تک اس حویلی میں میرا حکم چلیں گا اور میرا ہی انصاف ''سامنے کھڑا شخص بار لاس پاشا نے ان دونوں کی طرف دیکھا آج یہاں سے کسی کی جان جائے گی۔ میرال کی ہرن جیسی آنکھیں خوف سے پھٹ اٹھی۔

اس کی مسکراہٹ اب کچھ گہری ہوئی اور اپنی پسٹل کو ان دونوں کی جانب کیا۔ ''خدا کے لئے معاف کر دوں م..... می ۰۰۰ میں ساری زندگی آپ کی غلام رہوں گی مجھے نہ مارے۔ سلمہ اپنی جان کی فکر کرتے ہوئے بولی جب کے میرال اپنی ہرن جیسی آنکھوں سے سلمہ کو دیکھ رہی اسے پہلے بھی اسی بات کی امید تھی۔ وہ خاموش بیٹھی سلمہ کی اس خود غرضی کو دیکھتے۔ اس کی پسٹل سے تین گولیاں نکلی۔ اور سیدھے نشانیں پر جا لگی۔ سلمہ بانو فرش پر گری۔ سلمہ کے

خون اور گولی کی آواز پر کمرے میں میرال کی چیخ نکلی اور وہ بے ہوش ہو کر زمین پر زور سے گری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

. . . .

. . . .

ماضی 20 سال پہلے۔ کراچی کی سب سے بڑی حویلی 6 سال کا زاویار اپنے کمرے میں ٹیڈی بیئر کے ساتھ سو رہا تھا۔ جب نیچے سے کچھ شور کی آواز آئی۔۔۔۔

"بھائی جان۔۔۔ یہ جائیداد یتیم بچوں کے نام ہے۔ آپ میری بات کیوں نہیں سمجھ رہے۔ سلطان صاحب اپنے بڑے بھائی کو سمجھاتے ہوئے بولے۔ تم چھوٹے ہوں مجھ سے اور یہ جائیداد میری ہے میں بڑا ہوں مجھے جو کرنا ہو گا میں کر لوں گا۔

کچھ بھی ہو جائے یہ جائیداد میں آپ کو کبھی بھی نہیں دے سکتا چاہئے آپ بڑے ہیں پھر بھی یہ جائیداد یتیم بچوں کی ہی رہے گی سلطان صاحب اپنا آخری

فیصلہ سناتے ہوئے بولے جب کے دور کھڑی آمنہ سلمہ سے بولی آپ بھائی کو بولے کے یہ کسی کا حق ہے۔نہ ہم اس کا استحمال کر سکتے ہیں اور نہ ہی آپ لوگ۔جب کہ سلمہ اس کی یہ بات سن کر آگ بگولہ ہوئی۔یہ حق ہمارا ہے اسلم اور میرا تم اپنے کام سے کام رکھوں یہی اچھا ہو گا تمہارے لئے۔ سلمہ غصے سے بولی۔میں کل آؤں گا اور یہ جائیداد لے کر ہی جاؤں گا اسلم غصے سے بولتا ہوا وہاں سے چلا گیا جبکہ سلمہ بھی ایک نظر اس گھر پر، سلطان صاحب اور آمنہ کی طرف دیکھتی ہوئی اسلم کے ساتھ چلی گئی۔جب کے دور کھڑا زاویار یہ سب دیکھ رہا تھا۔میرا بیٹا ابھی تک سویا کیوں نہیں آمنہ پیار سے زاویار کو گلے لگاتے ہوئے بولی۔

مما چاچو کو آپ سے اور بابا سے کیوں لڑتے ہیں۔کیوں کے زاویار کچھ دن سے یہ سب نوٹ کر رہا تھا۔آمنہ زاویار کی بات سن کر حیران ہو گئی۔ نہیں بیٹا ایسی کوئی

بات نہیں ہے اچھا اب جا کر سو جاؤ صبح سکول کے لئے جلدی اٹھنا ہے۔ آمنہ اپنے

بیٹے کو پیار سے سمجھاتی ہوئی بولی۔

ٹھیک ہے مما آپ بھی سو جائے زاویار آپنی محصوم سی آواز میں بولا۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@

@

کراچی میں صبح کا وقت تھا سب اپنے اپنے کاموں کی طرف روانہ ہوئے اسی

طرح کراچی میں ایک خوب صورت سہ گھر تھا۔ جہاں سب ہنسی خوشی

رہتے۔۔۔۔ آج میرال کا پہلا دن سکول کا تھا۔ وہ بہت خوش تھی نئے سکول کو

دیکھنے کے لئے اپنے نئے دوست بنانے کے لئے۔۔۔۔ میرال اب ناشتہ کر لوں

جلدی سے پھر سکول چھوڑنے بھی جانا ہے۔ مریم اپنی بیٹی میرال کو بولاتے

ہوئے بولی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میری شہزادی آپ نے بلکل پریشان نہیں ہونااور ڈرنا بلکل بھی نہیں ہے۔ بلکل آپ کی آنکھوں سے تو ٹیچر خود ہی ڈر جائے گی۔دانش صحب ہنستے ہوئے بولے۔ بابامیری آنکھیں ہرن جیسی ہیں آپ ہی تو بولتے تھے میرال اپنی محصوم سی آواز میں بولی ہاں میری پیاری سی بیٹی میری ہرنی ہے۔

میرال اپنی کلاس روم میں داخل ہوئی سب بچے اس محصوم سی بچی کی آنکھوں میں کھوسے گئے سوائے ایک بچے کے جو اپنی ہی سوچوں میں گم تھا۔ایک بچی آئمہ میرال کے پاس آئی۔اور کچھ ہی دیر میں وہ بہت اچھی دوست بن

گئی۔میرال تمہاری آنکھیں کتنی پیاری ہیں۔آئمہ میرال کی تحریف کرتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔۔

میرے بابا مجھے ہرن بولتے ہیں کیونکہ میری آنکھیں ہرن جیسی ہیں۔میرال ہنستے ہوئے بولی۔وقت جلدی سے گزر گیااور سکول میں چھٹی ہو گئی۔۔۔سب بچے اپنے اپنے گھر چلیں گئے میرال دانش صاحب کاانتظار کر رہی تھی جب اس کی نظر اسی بچے پر پڑی جو پورا دن کلاس میں خاموش ہی رہا۔میرال اس کے پاس گئی

۔۔۔۔۔۔ہائے آپ کو کوئی لینے نہیں آیا۔میرال نے اپنی محصوم سی آواز میں اس بچے کو مخاطب کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آپ کو کیوں نہیں لینے آیا کوئی اس بچے نے اس کے سوال کو الٹ کر دیااور اسی سے سوال کیا۔۔۔۔میرے بابا آفس جاتے ہیں اور ان کا آفس بہت دور ہے یہاں سے اس لئے نہیں آئے ابھی۔میرال نے اس کو جواب دیا۔

آپ کا نام کیا ہے؟ میرال نے ایک اور سوال کیا۔ زاویار پاشا اس نے مختصر جواب دیا۔ میرال کو لگا وہ اس سے نام پوچھے گا۔ اتنے میں دانش صاحب آ گئے۔۔۔

بابا آپ آ گئے میرال بھاگتی ہوئی دانش صاحب کے پاس گئ۔ جی بابا کی ہرن میں آ گیا۔ کیسا رہا دن آپ کا۔۔۔۔ بابا بہت اچھا رہا میری ایک دوست بنی ہے بہت اچھی ہے۔ اچھا بیٹا دوسری باتیں گھر جا کر کرتے ہیں آپ گاڑی میں بیٹھو

۔۔۔۔۔

بابا میری کلاس کا ایک بچہ اکیلا اسکول میں ہیں۔ ہم اس کو ساتھ لے جائے پلیز بابا۔۔۔۔ نہیں بیٹا اسکے گھر سے کوئی آئے گا۔ ایسے ہم کسی بچے کو نہیں لے کر جا سکتے۔ دانش صاحب نے سنجھاتے ہوئے کہا۔ نہیں بابا پلیز نہ پلیز۔۔۔۔۔ اچھا ٹھیک ہے لے جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔

اتنے میں ایک بڑی گاڑی آئی اور زاویار اس گاڑی میں بیٹھ گیا۔ اور وہ گاڑی اپنی منزل کی طرف روانہ ہو گئی۔ بیٹا میں نے بولا تھا کہ کوئی اس طرح اپنے بچے کو اکیلا نہیں چھوڑتا اور وہ بھی اپنی گاڑی میں بیٹھ گئے۔۔۔

@@@#@@@@@@@@@@@@@@@@

زاویار اپنے گھر میں داخل ہوا ہر طرف خاموشی تھی۔ مما۔۔۔ بابا۔۔ کہاں ہیں آپ لوگ۔۔ مما جی بابا۔۔۔ کہاں ہو آپ لوگ زاویار سارے گھر میں ان کو ڈھنڈ رہا تھا۔ انکل مما کہاں ہیں وہ گارڑ سے بولا۔۔ بیٹا مجھے تو نہیں پتہ کے بیگم صاحبہ کہاں ہیں۔ اچھا ٹھیک ہے انکل زاویار دوبارہ سے ڈھنڈنے لگا ان کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ......

....

...

سلمہ گھر میں داخل ہوئی زاویار بیٹا کہاں ہوں آپ کی خالہ آئی ہے زاویار کہاں ہوں۔ سلمہ پورے گھر میں زاویار کو آوازیں دے رہی اتنے میں زاویار نیچے آیا خالہ مما کہاں ہیں اور بابا وہ مجھے مل ہی نہیں رہے آپ کو پتہ ہے کے وہ کہاں ہیں۔زاویار ایک ہی مرتبہ بولتا ہی گیا۔زاویار بیٹا آپ کی مما اور بابا ہمیں چھوڑ کے چلیں گئے ہیں۔ سلمہ روتے ہوئے بولی۔ کیوں خالہ کیا ہوا ہو ہے مما بابا کہاں چلیں گئے۔۔۔زاویار نہ سمجھی سے بولا۔ وہ ہمیں چھوڑ کے چلیں گئے ہیں اللہ کے پاس چلیں گئے ہیں۔ان کا ایکسیڈیٹ ہوا ہے۔ سلمہ مگر مچھ کے آنسو بہاتے ہوئے بولی۔جب کے وہ محصوم بچہ بلکل حیران کھڑا تھا۔اس کا سب کچھ چلا گیا اس کی ماں جو اس کی زندگی ہوا کرتی تھی اور اس کا باپ جو اس پر اپنی زندگی بھی قربان

کر دیتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۔ ۔

اسلم کے ہاتھ کانپ رہے تھے۔ چھرا ابھی تک خون سے لال تھا سامنے سلمہ کھڑی تھی۔ سلمہ جو تو نے کہا میں نے مان لیا اب بتاؤ جائیداد کے کاغذ کہاں ہیں۔ سلمہ آمنہ کی لاش کے پاس بیٹھی۔ چہرے پر ایک شکن بھی نہ تھا۔ اس نے فاطمہ کی انگلی سے سونے کی انگوٹھی اتاری اور اپنے پرس میں ڈال دی۔ کاغذ اوپر کمرے میں ہیں فاطمہ نے مجھے صبح ہی بتایا ہے۔ اور ہاں اسلم ان کی لاش کو زاویار کے آنے سے پہلے ہی دفن کروں ورنہ سب غلط ہو جائے گا۔ سلمہ نے فکری لہجے میں کہا۔ یہ تو میں کرلوں گا تم یہ بتاؤ کے اس بچے زاویار کا کیا کرے وہ سکول سے تو آنے والا ہو گا۔ میں یہ سوچ رہا ہوں ہ اس کو بھی مار دے ہمارا سارا راستہ صاف ہو جائے گا اسلم نے سوچتے ہوئے کہا۔ نہیں اسلم اگر ہم اس کو بھی مار دے تو کل کو پولیس کو شک ہو گا ایک 6 سال کا بچہ کسی کا کیا بگاڑتا ہے؟

کل کو اگر لوگوں کو پتہ چلا تو کہے گے کے جائیداد کے لئے پورا خاندان ہی برباد کر دیا ہے۔ اسلم: تو کیا زندہ چھوڑ دے تاکہ کل کو ہم سے بدلہ لے۔

سلمہ کے چہرے پر گہری سی مسکراہٹ آئی نہ ماریں گے اور نہ چھوڑیں گے۔ ہم اسے یتیم بنائے گے۔۔۔۔۔۔ سمجھ آئی میری بات۔ سلمہ کی بات کا مطلب سمجھ کر دونوں کے چہروں پر گہری مسکراہٹ آئی

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@

یہ منظر پرائیویٹ ہسپیٹل کا تھا۔۔۔میرال نے اپنی آنکھوں کو مشکل سے کھولا بلکل سفید چھت اور دیوار بھی بلکل سفید تھی۔ میرال نے اپنے ہاتھ پر لگی ڈرپ کو دیکھا۔ میں کہاں ہوں۔ مجھے گھر جانا ہے میرال نے دور بیٹھے انسان کو دیکھا ۔تم۔۔۔۔ تم وہی ہوں نہ قاتل۔ تم یہاں کیا کر رہے ہوں۔ چلیں جاؤں یہاں سے میرال زاویار کی طرف غصے سے دیکھتی ہوئی بولی جب کے سامنے صوفے پر بیٹھے زاویار جس نے وہی کل کے کپڑے پہنے ہوئے جس پر ابھی تک خون کا داغ لگا آنکھیں بلکل سرخ خون کی طرح 36 گھنٹے سے وہ نہیں سویا اور 20 سال کا درد کا درد اس کے چہرے سے واضح ہو رہا تھا۔ ہاں میں ہی ہوں۔ جس نے

ابھی 6 گھنٹے پہلے ہی قتل کیا ہے اس نے آرام دے لہجے
میں کہا جیسے اس کسی سے کوئی فرق ہی نہ ہوں۔ تم
قتل ہوں تم درندے ہوں"""تم مجھے بھی مار دوگے۔ میرال اپنے
آنسو صاف کرتے ہوئے بولی۔ کمرے میں صرف
اب اس کے رونے کی آواز آرہی تھی۔جب کے صوفے پر
بیٹھا زاویار ایسی حالت میں بیٹھا تھا جیسے وہ اس کے
رونے کو انجوائے کر رہا ہوں اتنے میں دروازے سے شایان اندر
آنے لگا۔ زاویار نے ہاتھ کے اشارے سے اس کو روک
دیا۔ اکیلے میں بات کرنی ہے۔ وہ سامنے پڑی کرسی کو گسیٹ کر بیڈ
کے پاس کے آیا۔ میری تم سے کوئی دشمنی نہیں ہے۔ جس سے تھی وہ اب نہیں
رہی تو اچھا ہو گا کے تم اس بات کو جتنی جلدی ہو سکے اپنے دماغ میں بیٹھالوں کہ
میں مظلوم پر کبھی ظلم نہیں کرتا میرا ضمیر مجھے اجازت نہیں دیتا۔۔ وہ یہ کہتے

ہوئے کمرے سے چلا گیا جب کے میرال اس سوچ میں پڑ گئی کے سلمہ کی ان سے

کیا دشمنی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔@

@@@@@@@@@@@@@@@@@@

ماضی•••••

اگلے دن میرال سکول آئی اور کلاس میں دیکھا زاویار کی جگہ خالی پڑی ہوئی تھی۔ مطلب وہ آج نہیں آئے گا۔ اگلے دن بھی اس کی کرسی خالی پڑی تھی۔ وقت گزرتا گیا۔ اور دس دن ہو چکے تھے وہ سکول نہ آیا۔

میرال کی آج 18 ویں سالگیرہ۔ اسی دن MBBS کی پارٹی بھی رکھی گئی۔ ہر طرف مٹھائی بانٹی جارہی تھی۔ بیٹا اب اور کتنی مٹھائی بانٹنی ہے اب بس کرو کل بانٹ لینا۔ مریم بیگم میرال کے تھکے ہوئے وجود کو دیکھ کر بولی۔ مما پہلی بات آج کا کام کل پر نہیں چھوڑتے یہ آپ نے مجھے خود بات سیکھائی ہیں اور دوسری

بات بابا بولتے ہیں بانٹنے سے برکت آتی ہے۔میرال مٹھائی کے ڈبوں کو دیکھتے ہوئے بولی۔۔۔۔

السلام علیکم: دروازے سے آتی ہوئی سلمہ بولی۔وعلیکم السلام۔کیا حال ہے۔مریم بیگم سلمہ کے گلے لگی۔جب کے میرال نے نہ ان کے سلام کا جواب دیا اور وہاں سے اٹھ کر اپنے کمرے میں چلی گئی۔سلمہ میرال کی امی مریم کی دوست تھی اور گھر بھی کچھ حد تک قریب تھا۔میرال کو سلمہ پہلے ہی دن سے فطری پسند نہ تھی۔اس لئے وہ ان سے دور ہی رہتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے میرال کہاں گئی میں نے تو اپنی بیٹی کو مبارک دینی تھی میری بیٹی آخر کو ڈاکٹر بن گئی ہے مریم جاؤ جا کر میری بیٹی کو بولا کر لے آؤں کے اس کی آنٹی آئی بیٹھی ہے۔سلمہ بولی۔

جی میں بولاتی ہوں مریم وہاں سے اٹھ کر میرال کے کمرے میں گئی ان کو پتہ تھا۔آدھا گھنٹہ تو میرال کو منانے میں لگ جائے گا۔۔۔

@@@

تو۔۔۔۔۔۔۔۔ڈاکٹر کچھ بولنے لگا جب میرال نے اس کی بات کاٹی پلیز آپ بات مان لے میں بھی ایک ڈاکٹر ہوں لیکن ابھی اس حالات میں نہیں ہوں کہ اس پرائیویٹ ہسپتال کا بیل ادا کر سکوں۔ میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اگر آپ کا بیل ادا نہ ہوتا تو میں ہر گز نہ لیتا لیکن وہ پہلے سے ادا ہو چکا ہے ڈاکٹر یہ کہہ کر وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جب کے میرال یہ سوچ رہی تھی کہ کس نے اس پرائیویٹ ہسپیٹل کا بیل دیا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تبھی اس کے ذہن میں ایک خیال آیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@
@

میرال نرس کے ساتھ کمرے سے باہر آئی اور ساتھ دیوار کا سہارا لیا۔ میرال کو اب صرف یہ فکر تھی کے اب میں کہاں جاؤ گی۔ اگر انکل اسلم کے گھر گی تو وہ مجھ پر الزام لگائے گے میں نے آنٹی سلمہ کو مارا ہے۔ یااللہ میری مدد فرما۔ اتنے

میں ایک مردانہ آواز آئی میرال نے اپنا سر اٹھا کر سامنے والے کو دیکھا۔آپ جائے میں ان کو لے جاتا ہوں۔۔۔۔۔۔ماتھے پر بال وہی کپڑے اور وہی سرخ آنکھیں کچھ لمحے کے لئے تو میرال کو اس پر ترس آیا لیکن وہ جلد ہی اس کو قاتل کے لفظ سے پکارنے لگی۔۔۔۔ہاتھ مت لگانا مجھے۔۔۔۔۔تم قاتل ہوں تم نے ق۔۔۔۔۔ت وہ ابھی کچھ بولنے لگی تھی کہ۔میں نے تمہیں ایک بار سمجھا دیا تھا کہ میری تمہارے ساتھ کوئی دشمنی نہیں ہے تمہیں سمجھ نہیں آتی۔زاویار کے سخت لہجے سے پورے کوریڈور میں سناٹا۔آپ کو لگتا ہے کہ میں آپ سے ڈر جاؤ گی اور یہ جو کھیلو نار کھا ہوا ہے اس سے میں ڈرنے والی نہیں ہوں میرال نے زاویار کے ہاتھ میں پسٹل کی طرف اشارہ کیا۔۔جو اس نے ابھی نکالی تھی کیوں کہ ہسپیٹل میں اس کی اجازت نہیں ہوتی۔میرال کی اس بات پر اس کے چہرے پر گہری مسکراہٹ آئی۔۔۔۔۔۔۔کیوں کہ وہ اتنی بہادر نہیں تھی جتنی اس وقت وہ خود کو بنا رہی تھی۔چلو آؤں گاڑی میں بیٹھو۔زاویار میرال سے

مخاطب ہوا۔۔۔۔اور وہ میں کس وجہ سے جاؤں اور وہ بھی ایک درندے کے ساتھ کبھی بھی نہیں۔۔۔۔۔میرال اس قدر نفرت سے بولی کے کوئی اور سامنے ہوتا تو کچھ غلط کر دیتا۔۔ لیکن سامنے زاویار پاشا تھا۔ ٹھیک ہے میں زبردستی نہیں کرتا۔ وعدہ تھا کے۔۔۔۔۔ بارلاس پاشا کی دنیا میں بے قصوروں پر ظلم نہیں کیا جاتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاویار نے اپنی جیب سے گاڑی کی چابی نکالی اور شایان کو دی۔ شہر بانو مینشن کی چابی۔۔۔۔ڈرائیوار باہر کھڑا ہے اسے چھوڑ آئے گا۔ اور ہاں شہر بانو اب تمہارے ہی نام ہے وہ گھر اب تمہارا ہی ہے۔۔۔۔۔۔میرال نے نہ اس سے چابی لی۔ مجھے تمہارا کچھ بھی نہیں چاہیے۔۔نہ گھر نہ پیسے اور نہ ہی کوئی اور احسان چاہیے۔ نیں ہاسٹل میں رہ لوں گی۔ پارٹ ٹائم جاب کر لوں گی لیکن تمہارے خون سے سنے ہاتھ کا ایک نوالہ نہیں کھاؤں گی۔۔۔۔۔۔یہ سن کر ریان کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔ آیان نے شرمندگی سے سر جھکا لیا جبکہ شایان بولا۔ اب آپ حد سے بڑھ رہی ہیں اچھا ہو گا

کے آپ چپ ہی رہے۔اور ہاں ایک اور بات۔۔۔۔۔شایان کچھ بولنے لگا جب

زاویار نے شایان کو ایسی نظر سے دیکھا کہ وہ چپ ہو جائے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@

ایک ہفتے بعد: ♥شہر بانو مینشین♥

خالی گھر میں میرال اکیلی تھی۔نوکر چھوڑ گئے تھے۔کہ سلمہ بیگم کے علاوہ کون

تنخواہ دے گا۔فریج خالی۔کچھ کھانے کے لئے پیسے نہیں۔۔۔۔۔فیس بھی جمع

کروانی تھی 2لاکھ۔۔رات 9بجے دروازے پر دستک ہوئی۔میرال ڈر گئی

۔۔۔۔کون۔۔۔۔۔آواز آئی میں آرحم ہوں۔۔۔۔میں کسی آرحم کو نہیں

جانتی۔آپ چلیں جائے۔آپ دروازہ کھولیں میں کھانا لے کر آیا ہوں۔کھانے

کا نام سنتے ہی میرال نے دروازہ کھولا۔

ارحم ہاتھ میں شاپر لے کر کھڑا تھا۔یہ کھانا پکڑے اور یہ فیس کے پیسے 2 لاکھ۔

ارحم نے میرال کو پیسے اور کھانا دیا۔یہ سب آپ کیوں لے آئے ہیں اور کس نے

آپ کو یہ سب دیا ہے میرال یہ سب دیکھ کر حیران تھی کہ ابھی تک کوئی میرا اپنا

اس دنیا میں زندہ ہے۔۔۔یہ باس نے بیجھے ہیں نام بتانے سے منع کیا تھا لیکن میں

نے بتادیا ہے۔تاکہ تم یہ جان سگوں کے وہ نفرت کے باوجود آپ کو بھوکا نہیں

مارنے دے گے۔میرال نے اسی ٹائم سب شاپر نیچے رکھے اور پیسے بھی۔بھائی یہ

سب آپ اپنے باس کو واپس کر دیں۔میں نے کہہ دیا تھا کہ میں اس کا دیا کچھ

نہیں کھاؤ گی۔میں بھوکی مر جاؤں گی لیکن اس کے آگے اپنے ہاتھ نہیں پھیلاؤ

گی۔میرال کی یہ بات سن کر ارحم کی آنکھوں میں پانی چمک آیا۔اور اسی وقت

میرال نے دراز ے کو اچھی طرح بند کر دیا۔ضدی ہرن۔۔۔اتنی اچھی انا نہیں

ہوتی۔جب کے اندر بیٹھی میرال بھوک سے پیٹ پکڑے بیٹھی رو رہی تھی۔

جب کے ارحم وہاں سے چلا گیا

تھا۔۔۔۔۔۔@@@@@@@@@@@@@@

ماضی: عمر6سال_16 یتیم خانہ نمبر17

لاوارث بچوں کا یتیم خانہ۔40بچے اور دو وقت کی روٹی۔ عمر8 سال: پہلی

چوری۔۔۔۔زندگی میں پہلی بار زاویار سلطان نے چوری کی اور وہ بھی

روٹی۔چوری کرتے ہوئے وہ پکڑا گیا۔3دن بھوکا رکھا گیا۔

عمر10 سال: یتیم خانے کا وارڈن شکیل زاویار کو بات بات پر مارتا کیوں کہ سلمہ کا شکیل سے رابطہ تھا۔اور وہ چاہتی تھی کے وہ بچہ سکون کی زندگی نہ گزارے۔ زاویار نے پہلی بار پلٹ کر وار کیا اور شکیل کا سر پھاڑ دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عمر12 سال: وہاں یتیم خانے ایک 9سال کا بچہ آیا. ارحم جو زاویار کے کمرے ہی میں رہتا اور زاویار نے اسے چھوٹا بھائی اور پہلا دوست بنایا۔ عمر15 سال زاویار کے

کمرے میں دو اور بچے آئے اتنے محصوم اور پیارے کے کوئی رحم دل بندہ ان چاروں کو دیکھے وہ ان سب کو اپنے بیٹے بنالے۔ پانچوں نے ایک گینگ بنالی۔ ''لاوارث گینگ'' عمر 16 سال یتیم خانے میں آگ لگی اور وہ بھی سلمہ نے لگوائی تاکہ زاویار آگ میں جل کر مر جائے لیکن ان چاروں کی زندگیاں لمبی تھی۔ عمر 16-26 سال۔ ''بارلاس پاشا کی پیدائش'' 16 سال کی عمر چاروں سڑک پر آگئے۔ شایان چاقو چلانا سیکھا۔، آیان ہیکنگ اور ارحم پسٹل چلانا۔ اور زاویار؟ زاویار نے دماغ چلانا سیکھا۔۔۔۔۔ یہ چاروں بہت محنتی اور لگن کے ساتھ کام کرنے والے تھے۔ عمر 18 سال پہلا قتل اسی وارڈن شکیل کا کیا جو بچپن میں اس کو مارتا تھا۔ اس دن ''زاویار'' مر گیا اور ''بارلاس'' پیدا ہوا۔ 22 سال کی عمر میں بارلاس پاشا نام سے خوف بن گیا۔ بارلاس پاشا کے کچھ اصول: بے قصور پر ہاتھ نہ اٹھاتا۔ پر قصور وار کو زندہ بھی نہ چھوڑتا۔ عمر 26 سال: پتہ چلا کے سلمہ زندہ ہے اور اس کے ساتھ ایک لڑکی بھی رہتی تھی۔ میرال فاطمہ جو

ہرن کی آنکھوں سے مشہور تھی اور ڈاکٹر بننے کے قریب تھی۔ سلمہ نے اسے اس لئے ساتھ رکھا تھا کیوں کے جب میرال 25 سال کی ہو جائے گی تو وہ ساری جائیداد میرال کے نام ہو جائے گی۔ اور میرال وہ جائیداد کسی کے بھی نام کر سکتی ہے بس سلمہ بیگم کو اسی دن کا انتظار تھا (پلان): وہ چاروں ایک خوفیاں کمرے میں کھڑے۔ اس کمرے میں صرف پسٹل اور چاقو ہی تھے۔ سلمہ بیگم کو اس لڑکی سے کوئی غرض نہیں ہے اس کو صرف اس کی دولت سے ہے ابھی وہ 25 کی نہیں ہوئی تو سلمہ بیگم کو اس کی فکر رہے گی۔ میری بات کا مقصد یہ ہے کہ اس لڑکی کو اغوا کرے گے۔ ہمیں اس لڑکی سے کوئی دشمنی نہیں ہے۔ بس اس لڑکی کی ضرورت پڑ رہی ہے۔ جب اس کو اغوا کیا جائے گا تو سلمہ خود ہی بھاگتی ہوئی آئے گی۔ سرکل مکمل ہوا۔

(@@@@@@@@@@@@@@@@)ماضی۔ دانش ہاؤس۔-----------------------------------

ممامیں دو دن تک پہنچ جاؤں گی۔میری بہت ضروری کلاس ہے۔آپ کے ساتھ بابا ہیں آپ اتنی مبارک جگہ پر جارہے ہو آپ کا دل لگ جائے گا۔میرال مریم بیگم کو سمجھانے کے انداز میں بولی۔۔۔۔۔۔۔۔۔میرال، مریم بیگم اور دانش صاحب سب اللہ کے مبارک گھر کی زیارت کے لئے جارہے تھے اور میرال کے کالج سے میسج آیا ان کی بہت ضروری کلاس تھی۔جس کی وجہ سے میرال دو دن بحد جائے گی۔اور مریم بیگم مان نہیں رہی تھی۔میرال تم میری بات کرواؤں اپنی ٹیچر سے میں ان سے بات کرتی ہوں مریم بیگم میرال سے موبائل لینے لگی جب کمرے میں دانش صاحب آئے۔کیا ہو گیا ہے؟مریم دو دن کی بات ہے پھر میرال آجائے گی وہاں۔جو ہوتا ہے بہتر ہی ہوتا ہے۔اسی میں کوئی بہتری ہو گی۔دانش صاحب کی یہ گہری باتیں سچ میں تبدیل بھی ہو سکتی ہیں۔رات 12:00 بجے کی ان کی فلایٹ تھی۔میرال میری ہرن بیٹی اپنا خیال رکھنا۔اور اچھی بیٹیاں بابا کی بات مانتی ہیں۔دانش صاحب میرال سے مخاطب

ہوئے۔شاید یہ ان کی آخری نصیحت تھی یہ تو قدرت کو ہی محلوم۔جب
کے مریم بیگم بھی میرال کو ہدایت دیتی رہی کے دو دن بحد تم نے وہاں موجود
ہونا ہے۔ورنہ میں ناراض ہو جاؤ گی۔۔۔۔ باتیں کرتے کرتے 12:00 بج
گئے اور میرال مریم بیگم اور دانش صاحب کے گلے لگی۔اور ان کو تب تک
دیکھتی رہی جب تک ان کی پشت نظر آتی
رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔—-------------

-----@@@@@@@@@@@@@@@

رات کے تین بج رہے تھے۔لائٹ بند۔ گھٹاٹوپ اندھیرا۔کمرے کے بیچوں بیچ
زاویار کھڑا تھا۔باہر مینشن میں سناٹا پر زاویار کے دماغ میں شور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
"تمہارے خون سے سنے ہاتھ کا دیا ہوا نوالہ نہیں کھاؤں گی۔۔۔۔۔۔ تمہارے
خون سے سنے ہاتھ۔۔۔۔۔۔ "خون سے سنے ہاتھ"" قاتل ہو تم زاویار پاشا
۔۔۔۔۔۔۔"""""قاتل..... قاتل.... """".زاویار نے اپنے کانوں پر ہاتھ رکھا

اسے ایسا لگ رہا تھا۔ جیسے بہت سے لوگ اس کا مزاق اڑا رہے ہوں۔ بس

۔۔۔بس کر دو میرال۔۔مجھے پتہ ہے میں قاتل ہوں۔ وہ شیشے کی جانب گیا

۔روز وہ خود سے پوچھتا تھا کہ 6 سال کا زاویار کہاں گیا؟ کیا میں نے اپنے ماں باپ

کا بدلہ پورا کیا۔۔۔۔میں اپنے ماں پاپ کو کیا بتاؤ کے ان کا بیٹا ایک قاتل بن گیا

۔۔وہ لڑکھڑا کر گھٹنوں کے بل زمین پر بیٹھ گیا۔ مما وہ کہتی ہے میرے ہاتھ

گندے ہیں۔ مما کیا میں واقعی ہی اتنا گندہ ہوں؟ وہ انسان جو دنیا کے سامنے ایک

بار لاس پاشا تھا۔۔۔اب وہ کسی محصوم بچے سے کم نہیں لگ رہا تھا۔ اندھیرے

میں وہ اپنے ہاتھوں کو دیکھ رہا تھا۔

ان ہاتھوں سے میں نے سلمہ کو مارا۔ ان ہاتھوں سے میں نے شکیل کو گولی ماری

اور ان ہاتھوں سے ہی میں نے میرال کو بچایا؟ پھر یہ ہاتھ گندے کیسے۔۔ کیا میں

کاٹ دو یہ ہاتھ۔۔۔۔اس نے زور سے دیوار پر مکا مارا۔ خون بہنے لگا لیکن اس کو

درد نہیں ہوا۔۔درد تو اس کو تب ہوا جب اس نے یہ الفاظ سنے تھے۔۔۔۔20

سال سے بھوکا ہوں میں......... محبت کا بھوکا۔۔۔اور اس نے ایک نوالہ سے ہی انکار کر دیا۔۔۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@

وہ بخار میں تڑپ رہی تھی۔۔۔۔۔ مما بھوک لگی ہے۔ مما کھانا دے دے۔ بھوک لگی ہے۔ وہ بخار میں بڑبڑا رہی تھی اور وہ یہ بھی جانتی تھی کہ اس وقت وہ اکیلی ہے۔۔۔ جب کے دوسری طرف آیان کی لوکیشن ٹریکر پر وہ میرال کی ہارٹ بیٹ دیکھ رہا تھا۔......102 ......103.....104.........

زاویار وہ مر جائے گی چلوں ڈاکٹر کو لے جاتے ہیں اسے بہت تیز بخار ہے۔۔۔۔ ارحم پریشانی سے بولا* نہیں لے کر جا سکتا منع کیا ہے اس نے۔۔۔۔۔۔ میں نے وعدہ کیا تھا کہ میں زبردستی نہیں کروگا۔۔۔۔۔۔۔ زاویار اپنے زخمی ہاتھ کو دیکھتے ہوئے بولا جس پر ابھی ارحم نے مرہم پٹی کی تھی۔ پر وعدہ یہ نہیں کیا تھا

کے مرنے دوں گا‘‘اب ارحم کا لہجہ سخت ہونے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔زاویار کو سکول کا وہ لمحہ یاد آیا جب اس نے پہلی بار اس ہرن جیسی محصوم لڑکی کو دیکھا تھا۔۔......@@@@@@@@@@@@@@@@@

@

ماضی۔۔۔۔۔۔میرال مریم بیگم اور دانش صاحب کو چھوڑ کر گھر آ گئی۔اور اپنے کمرے میں جا کر پڑھائی کرنے لگی۔۔۔کچھ ہی دیر میں تیز ہوائیں چلنی شروع ہوئی۔۔۔اور کچھ ہی دیر میں لائٹ چلی گئی۔میرال کو ایک لمحہ کے لئے ڈر تو لگا۔لیکن اس نے سورتیں پڑھنے شروع ہوئی۔اور ایک کی لمحہ میں زور سے بجلی چمکی اور اس کے منھ سے مریم بیگم کا نام نکلا۔۔۔اور اسی ٹائم لائٹ آ گئ ۔۔۔اس نے جلدی سے وضو کیا اور نماز تہجد ادا کرنے لگی۔۔۔۔۔اس کے دل میں خوف سہ آ گیا۔کچھ دیر بعد اس نے ٹی وی چلائی۔ٹی وی کے چلتے ہیں سامنے نیوز آئی اور اس ٹی وی کی خبر نے اس سے زمین چھین لی

ہوں۔۔۔۔۔۔ نہیں نہیں ایسا نہیں ہو سکتا۔۔۔۔وہ اپنے آپ کو یقین دیتے

ہوئے بولی۔۔@@@@@@@@@@@@@@@@

دانش ہاؤس جہاں بس مسکراہٹیں کی آوازیں آتی تھی آج وہ گھر بلکل ویران سہ

ہو گیا۔۔ مریم بیگم اور دانش صاحب کے انتقال کو آج ایک ہفتہ گزر چکا

تھا۔ موسم کی خرابی کی وجہ سے صحودی عرب کی طرف روانہ ہونے والا جہاز

کریش ہو چکا تھا ان کی قسمت میں اللہ کے گھر کی زیارات نصیب نہ تھی۔ میرال

بلکل مردہ حالات میں مریم بیگم کے کپڑوں کو اپنے گلے لگا کر فرش پر بیٹھی تھی

اتنے میں سلمہ کمرے میں آئی میرال بیٹا اب تم بڑی ہوں یہاں رہنا تمہارے

لئے ممکن نہیں۔ اس لئے اب سے تم میرے گھر رہوں گی۔۔۔ میری بیٹی بن

کر۔ سلمہ کی یہ بات سن کر میرال نے منفی لہجے میں منا کیا۔۔۔۔۔۔ جب کے

کئی گھنٹے سمجھانے کے بعد آخر کار میرال مان ہی گئی۔ اور وہ اپنا گھر اپنی یادیں

۔ سب کچھ یہی چھوڑ کر جا رہی تھی۔

@@@

جی پر دیکھ بھال چاہیے۔ کوئی اپنا اس کا خیال رکھے۔ڈاکٹر سمجھاتے ہوئے بولا۔

میں ہوں اسکا اپنا وہ مانے یا نہ مانے۔ میں اس کا ہوں 💔💔

آدھی رات کو میرال کو ہوش آیا۔ڈرپ لگی ہوئی تھی۔AC چل رہا

تھا۔۔سامنے کرسی پر زاویار سر جھکائے بیٹھا تھا۔تم۔۔۔۔تم پھر سے یہاں آگئے

میں نے منع کیا تھا۔ تمہیں بات سمجھ نہیں آتی کیا۔زاویار نے اپنا سر اٹھایا۔ہاں

بولا تھا۔ مگر آنا پڑا تھا۔تمہاری انا تمہاری جان سے بڑھ گئی ہے۔۔زاویار کی یہ

بات سن کر میرال بولی۔تم مجھے یہ بتاؤ کے تم کون ہوں اور تمہاری آنٹی سلمہ سے

کیا دشمنی تھی۔جو تم نے ان کو مار دیا ہے۔میرال کو آج ہی سب سوالوں کے

جواب پوچھنے تھے۔کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے۔۔۔۔مجھے بتاؤ۔۔۔۔۔یہ سب تو

تمہیں اپنی اس آنٹی سے پوچھنا چاہیے تھا میرے سے نہیں۔زاویار نے اسی سے

یہ سوال کیا اور کمرے سے چلا گیا۔آج اس کی آنکھوں میں نفرت کے ساتھ کچھ

اور بھی تھا۔شاید: شرمندگی۔۔۔۔۔۔۔۔

میرال ڈرپ کو دیکھ رہی تھی۔ ''خون سے سنے ہاتھ'' مگر آج اسی ہاتھوں نے

اس کی جان بچائی تھی۔

میرال گھر آگئ تھی۔ پر خطرہ ابھی ٹلا نہیں تھا۔ زاویار اس سے دور تھا لیکن سایہ

بن کر ساتھ

تھا۔۔@@@@@@@@@@@@@@@@@@

@میرال نے کالج کا یونیفارم پہنا۔ سفید کوٹ ''سٹیتھو گلے میں۔ آئینے میں

دیکھا: ڈاکٹر میرال شہر بانو......اس کے دل میں مریم فاطمہ اور دانش صاحب کا

خیال آیا۔ میرال نے گیٹ کو تالا لگایا اور رکشہ کروانے لگی۔ جب بایک سے ایک

لڑکے آیا اور اس نے میرال کو ایک پارسل دیا۔ میم یہ پارسل ہے اس پر آپ

سائن کر دیا۔ پارسل پر اسی کا نام لکھا ہوا۔ ڈاکٹر میرال فاطمہ..... میرال جلدی

سے پارسل کھولنے لگی

@@@

میرال نے پارسل کھولا۔اندر پرفیوم کی بوتل۔۔۔۔گفٹ ؟ کس کا؟ میرال سونگھنے لگی۔اسی وقت وہی پارسل والا آدمی دوبار میرال کے پاس آیااور وہ اپنا ہیلمیٹ اتارتا ہے۔۔۔میرال نے سر اٹھاکراس آدمی کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ وہی ساکن ہو گئی۔۔اسے لگا جیسے سب کچھ ساکن ہو گیا ہے۔

ماضی: میرال صبح اٹھتی نماز پڑھ کر وہ اپنے لئے اور سلمہ اور اسلم صاحب کے لئے ناشتہ بناتی اور پھر کالج کی تیاری کرتی۔روز کی طرح آج بھی وہ ناشتہ بنار ہی

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@

سامنے سلمہ کا پرانا نوکر اکرم کھڑا تھا۔چہرے پر تیزاب کے نشان۔اس کے ہاتھ میں پسٹل ۔اور چہرے پر شیطانی مسکراہٹ۔میرال کے ہاتھ سے پرفیوم کی وہ بوتل زور سے گری۔اس کے ہاتھ میں پسٹل دیکھ کر کچھ غلط ہونے کا احساس

ہوا۔بھاگو۔میرال زور سے چیخی.....اکرم نے ٹریگر دبایااور گولی کی زور دار آواز آئی''دھڑام''اسی لمحہ کالی لینڈ کروزر سامنے سے گزری۔اس نے چلتی گاڑی سے چھلانگ لگائی۔میرال کو دھکادے کر گرادیا۔گولی زاویار کے بازو میں لگی''''آہ''''کچھ ٹائم کے لئے نہ رفیق کو یقین آیااور نہ میرال کو یہ سب کیاہوا اور کیسے ہوا

اتنے میں ایک اور گولی کی آواز آئی۔

ماضی میرال سلمہ بیگم کے لئے ناشتہ..لئے سیڑھیاں چھڑھ رہی۔پر اٹھا،آملیٹ اور چاہیئے۔میرال دستک دینے لگی لیکن دروازہ ہلکاسہ کھلا تھا۔اندر سلمہ کی آواز آرہی وہ کسی سے فون پر بات کررہی تھی۔ہاں اسلم پیسے ٹرانسفر ہوگئے ہیں۔اور ہاں یہ خبر اس تک نہیں جانی چاہیئے۔میرال کے نام پر جو 10 کروڑ کی پراپرٹی ہے اس کو پر جعلی سائن کر کے ہم اسے اپنے نام کرلے گے۔اوراس یتیم لڑکی کو گھر سے نکال دے گے۔بہت کھایاہے اس نے ہمارااب ہمارااوقت آگیا

ہے۔۔۔۔۔ سلمہ بات کر رہی تھی جب اس کو برتن ٹوٹنے کی آواز آئی۔۔۔

میرال کے ہاتھ سے ٹرے چھوٹ گیا۔ گرم چاہئے۔ فرش پر جا گری۔ اور شیشے کے برتن کرچی کرچی ہو گئے۔ کون۔۔۔۔۔ کون ہے باہر۔۔ سلمہ اپنے کمرے سے باہر نکلی سلمہ بیگم کا رنگ اڑا میرال کو دیکھ کر۔ سامنے میرال پاؤں میں شیشہ گھسا ہوا۔ خون بہہ رہا۔ پر اسے کوئی پرواہ نہیں اس کی آنکھوں میں شعلے۔ میری پراپرٹی کو ہاتھ مت لگانا سلمہ جی۔ آپ اتنے لوگوں کا پہلے سے حق کھا چکی ہے میرا حق نہیں کھا سکتی۔ میرال کو اس وقت اپنا زخم بھول چکا تھا۔ کہ اس کے پاؤں سے خون نکل رہا ہے۔ نہیں بیٹا تم غلط سمجھ رہی ہو۔ میرا وہ مطلب نہیں تھا۔ وہ..... چپ۔۔ میرال نے اپنے ہاتھ کے اشارے سے سلمہ کو چپ کرنے کو کہا۔ بس آنٹی اب بہت کر لئے آپ نے ڈرامے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں اب آپ کا اصلی چہرہ سب کو دیکھاؤ گی۔۔۔۔۔ کہ آپ ماں نہیں ناگن ہیں۔ اپنے بچے کے لئے بھی ناگن۔ میرال کی یہ بات سلمہ کے لئے کسی زنزلے سے کم نہیں تھی۔

سلمہ لڑکھڑا گئی اتنے سالوں سے چھپی بات آج کسی تیسرے کو محلوم ہو ہی گئی۔

میرال اپنا خون آلودہ پاؤں لے کر سیڑھیوں سے نیچے چلی

گئی۔@@@@@@@@@@@

شایان نے اکرم کو ایک ہی گولی میں ڈھیر کر دیا۔اور وہ تینوں بھاگتے ہوئے زاویار

کے پاس آئے۔۔۔۔جب کے دور کھڑی میرال کو زاویار دیکھ رہا۔اور ساتھ میں

ہلکی سے مسکراہٹ اور اس کے بعد زاویار نے اپنی آنکھیں بند کر لی۔ ہسپتال کا

سین: ICU وہ تینوں اپنے باپ کی طرح بھائی کے لئے دعا کر رہے۔یا اللہ ہم

نے تو بچپن سے گولیاں کھائی ہے۔ لیکن زاویار کو پہلی بار لگی ہے۔اے اللہ اتنے

سالوں بعد تیرے سے کچھ مانگ رہا ہوں۔زاویار کو ہوش آجائے۔ارحم کی

آنکھوں میں التجا سی تھی۔شایان: میرال کے پاس کال کروں اکیلی ہے وہ

گھر۔آیان: کیوں ان کے پاس کال کیوں کرے۔ہمارا بھائی آج ICU میں

کیوں ہے۔ کس کی وجہ سے۔اور ہاں تم وہ بھول گئے انھوں نے ہسپٹل میں کتنی

انسلٹ کی تھی۔اگران کو اتنی فکر ہوتی تو آسکتی تھی یہاں۔اگر کسی نے کال کی تو میں بتاؤ گا اس کو۔آیان نے اپنا فیصلہ سنایا۔ویسے زاویار وہاں کیسے پہنچ گیا سب سے پہلے تو آیان نے دیکھا یہ سب۔ارحم سوچتے ہوئے بولا۔یہ س ب چھوڑوں ہمیں پہلے اپنے بھائی کے لئے دعا کرنی ہے۔پھر جو ہو گا دیکھا جائے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سین: شہر مانو مینشن۔۔۔۔۔میرال بیڈ پر بیٹھی سامنے زاویار کا کوٹ جس پر زاویار کا خون لگا ہوا۔میرال کے دماغ میں ایک جنگ لگی ہوئی۔مجھے جانا چاہئے یا نہیں اس نے میرے لئے گولی کھائی۔اور میں میں یہاں ہوں بیٹھی ہوئی ہوں۔میرال اٹھی۔چادر لی پھر دروازے کے پاس رکی۔رک میرال ارحم بھائی نے منع کیا تھا۔پولیس،رپورٹر یہ سب اس سے زاویار کمزور پر جائے گا۔میرال نے چادر اتاری وضو کیا۔اور جائے نماز بچھالی۔"اے اللہ میں نہیں جا رہی لیکن میری دعا وہاں اس تک بھیج دے۔اس کو بتا دے کے میں آئی نہیں لیکن دعائیں

بہت کی۔ ساری رات نام زاویار کا اور دعا زندگی

کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سین: صبح کے پانچ بج رہے۔ان تینوں کے پاس نرس آئی آپ کے پیشنٹ کو ہوش آگیا ہے۔ خون زیادہ بہنے کی وجہ سے کمزوری ہوگئی ہے ان کا اچھے سے خیال رکھے گا۔ نرس ان کو خوش خبری اور ہدایت دے کر وہاں سے چلی گئی۔۔۔۔ تینوں کے چہرے پر ایک الگ سہ سکون تھا۔تینوں ایک دوسرے کے گلے لگے۔اور ارحم نے میرال کے پاس کال کرنے کے لئے موبائل نکال۔ اور آیان نے ارحم کا موبائل چھین لیا۔ارحم: آیان موبائل دو میرال کے پاس کال کرنی ہے وہ پریشان ہوگی۔ آیان: جس کو پرواہ ہوتی ہے نہ ارحم وہ پوچھتی نہیں۔۔۔ پہنچی جاتی ہے۔ تو کال کر کے کیا جتائے گا؟ یہی کہ ہم کتنے وفادار ہیں۔ پوری رات یہاں رہے ہیں۔ رہنے دے۔ جب آنا ہوا تو آجائے گی تب سنانا خوش خبری۔ مفت کی ہمدردی نہیں چاہیے باس کو۔۔۔۔ آیان نے اپنے دل

کی بات بولی۔ شایان: آیان ٹھیک کہہ بول رہا ہے۔ چھوڑوں ہمارا باس سب سے قیمتی ہے اگر کسی کو کوئی فکر ہے تو وہ یہاں آجائے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@

@@وہ تینوں زاویار سے ملنے روم میں گئے جہاں اس کے ہاتھ پر پٹی اور آکسیجن ماسک لگا ہوا۔ زاویار نے آنکھیں کھولی۔ جہاں وہ تینوں مل کر کمرے میں آئے۔ زاویار کے چہرے پر گہری مسکراہٹ آئی۔ کوئی تو اس کی زندگی میں اس کا خیال رکھنے والے تھے اس کے یار، اس کے بھائی، اس کا خیال رکھنے والے۔ کیسا ہے میرا یار۔ زخم بہتر ہے ارحم فکر مندی سے بولا۔ تمہارا بھائی بلکل ٹھیک ہے۔ تم فکر نہ کرو۔ زاویار اس کے

ہاتھ کو پکڑتے ہوئے بولا۔ اب ہمیں بھی ملنے دو ہم بھی تو ان کے بھائی ہیں چلو سائیڈ پر ہوں شایان ارحم کو سائیڈ پر کرتے بولا۔ اور ہاں اچھا سہ جوس، اور ناشتہ لے آؤ۔ بڑی بھوک لگی ہے شایان حکمی لہجے میں بولا۔ جب کے ارحم منھ بناتے

کمرے سے باہر چلا گیا۔اور وہ اس کی شکل کو دیکھ کر ہنسنے

لگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاویار کمرے کے درازے کی طرف

دیکھنے لگا جیسے کسی اور کا بھی انتظار ہوں اور یہ بات شایان اور آیان نے نوٹ کی۔

بھائی کچھ چاہیے آپ کو۔آیان بولا۔

جب کے اب ہم کینٹین کی طرف جائے تو ارحم نے سب سے پہلے موبائل پر

میرال کا نمبر ڈایل کیا۔اگلے چند سیکینڈ میں کال اٹھائی گئی۔میرال زاویار کو

ہوش آگیا ہے۔اور اچھا ہو گا کہ تم ادھر آجاؤ اگر آنے میں کوئی پروبلم ہے تو میں

تمہیں لے آتا ہوں۔ارحم نے مشورہ دیا۔نہیں نہیں ارحم بھائی میں آجاؤ گی بس

آپ لوکیشن سینڈ کر دے۔میرال نے جواب دیا۔ٹھیک ہے میں کر دیتا

ہوں۔اور ارحم نے کال کاٹی اور لوکیشن سینڈ کرنے

لگا۔@@@@@@@@@@@@@@

میرال نے جلدی سے چادر کی اور گیٹ کو تالا لگایا۔اگلے 10 منٹ میں وہ اس لوکیشن پر پہنچ گئی تھی جو ارحم نے سینڈ کی۔وہ ICU کے قریب آئی جہاں باہر ہی ارحم کھڑا تھا۔السلام علیکم ! ارحم بھائی۔میرال نے آتے ہی ارحم کو سلام کیا۔ وعلیکم سلام ! اچھا میری ایک بات غور سے سنو۔ارحم سمجھتے ہوئے بولا۔اگر تم سے کوئی بولے کہ کس نے تمہیں یہاں کا بتایا ہے مطلب کے اس ہوسپیٹل کا۔ تو میرا نام بلکل نہیں لینا۔ سمجھ آرہی ہے نہ۔جی بھائی میں نہیں لوں گی آپ کا نام۔میرال بولی اور ارحم نے اسے کمرے کا نمبر بتایا۔جب کے وہ خود وہاں سے چلا گیا۔میرال دروازہ کھولنے لگی جب اندر سے آواز آئی۔بھائی اگر آپ ان کا انتظار کر رہے ہیں تو وہ بلکل نہیں آئے گی۔کیونکہ جس کو آنا ہوتا ہے وہ بغیر بولائے آجاتا ہے۔اور جس نے نہیں آنا ہوتا اسے 100 کال بھی نہیں لا سکتی۔ جب کہ وہ تو بس موبائل پر آپ کی خیریت پوچھ رہی ہیں۔آیان نے اپنے دل کی ساری بات کہہ دی۔جب کے بیڈ پر سوئے زاویار کو آیان کے الفاظ کسی خنجر سے

کم نہیں لگے۔اور موبائل کی بات پر تو اسے چھٹکا لگا۔کیا مطلب موبائل پر۔تم لوگوں کے پاس اس کا نمبر ہے کیا۔زاویار نے غصے سے بولا۔نہیں ہمارے پاس تو نہیں ہے ہاں البتہ ارحم کے پاس ہے وہی ساری انفارمیشن ان کو بتاتا ہے۔شایان آیان کو خاموش کروانے کی بہت کوشش کر وارہا لیکن آج وہ چپ ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا۔اور شایان نے زاویار کا چہرہ دیکھا جو غصے کی وجہ سے لال ہو چکا تھا۔ارحم کہاں ہے زاویار دھاڑا۔جب کے باہر کھڑی میرال اس کی آواز پر ایک دم سے ڈر گئی۔اور اسے آیان کے منھ سے نکلا ایک ایک لفظ درست لگ رہا تھا۔میں نے پوچھا تم لوگوں کو میری بات سمجھ نہں آرہی میں نے پوچھا ارحم کہاں ہے۔زاویار کی دوبارہ سے غصیلی آواز آئی اور ساتھ ہی اس نے اپنے ہاتھ میں لگی ڈرپ اتاری۔جی وہ۔۔۔۔شایان کچھ بولنے لگا جب دروازے سے میرال آئی سفید چادر کی ہوئی۔اور بلکل سادہ سی اور وہ اس سادگی میں اسے محصوم بچہ کہنا غلط نہ ہو گا۔جب کے ان تینوں کی نظر ادھر پڑی۔شایان اور آیان

دونوں جلدی سے کمرے سے نکل آئے۔ میرال تم یہاں کیا کر رہی
ہوں۔ میرال کی نظر اس کے ہاتھ پر پڑی جہاں خون کی چھوٹی لکیر اب بہت بڑی
ہو چکی تھی۔ اور وہ خون فرش پر گر رہا۔ میرال جلدی سے اس کے پاس آئی
۔ آپ کا خون گر رہا ہے اور ساتھ میں اپنی چادر کی ایک سائیڈ پکڑی تاکہ زاویار کا
خون صاف کر سکے۔ میرال ہاتھ پکڑنے لگی۔ جب زاویار نے اپنا ہاتھ پیچھے
کر لیا۔ پہلے اپنا جملہ یاد کرو پھر یہ خون صاف کرنا۔ زاویار کچھ یاد کراتے ہوئے
بولا۔۔۔ کون سہ جملہ میرال نہ سمجھی سے بولی۔ اتنی جلدی بھول گئی۔ چلو میں ہی
یاد کروا دیتا ہوں۔ تو میرال فاطمہ نے کچھ یہ کہا تھا کہ ”تمہارے خون سے سنے
ہاتھ کا دیا ہوا نوالہ نہیں کھاؤں گی۔“ یاد آیا میرال اب یہ نہ بولے گا کہ یہ بھی
بھول گیا ہے یہ آپ کے منہ سے ہی نکلے ہوئے الفاظ ہیں۔ جب کے میرال اپنے
بولے گئے الفاظ پر پچھتا رہی تھی۔ کچھ دن سے شہر بانو مینشن میں کھانے کے
پارسل آ رہے تھے۔ میرال کے پاس پیسے نہ ہونے کی وجہ سے وہ چپ کر کے

پارسل لے لیتی۔ وہ جانتی تھی یہ کھانا کون بھیج رہا ہے۔ بھوک انسان سے بہت کچھ کروا لیتی ہے۔ وعدہ خلافی، چوری اور بہت کچھ۔۔۔۔۔۔۔۔وہ تو میں غصے میں تھی تو منہ سے نکل گئے۔اب انسان ہوں کچھ بھی بول سکتی ہوں میرال نے اپنی صفائی پیش کی۔اچھا تو آپ غصے میں کسی کا دل بھی ہرٹ کرتی ہیں زاویار اپنا خون صاف کرتے ہوئے

بولا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ آپ کا کوٹ اس دن آپ کو گولی لگی تو یہ ارحم بھائی نے اتارا تھا۔میں نے اچھی طرح دھولائی کیا ہے۔میرال کی محصومیت دیکھ کر زاویار کے چہرے پر مسکراہٹ آئی۔ چلوں یہ تو مجھے پتہ چل گیا ہے کہ آپ اپنی بات کی پکی نہیں ہیں۔اس طرح میں آپ کی باتوں کو سیریس بھی نہیں لوں گا۔زاویار ہنستا ہوا۔بولا۔جب کے میرال اس کو غور سے دیکھ رہی۔ جیسے اس کو کچھ ہوا ہی نہ ہوں بلکل پر سکون گولی والے ہاتھ کو وہ بار بار گردن پر لا رہا جیسے گردن میں درد ہوں۔آپ کے ہاتھ میں درد نہیں

ہو رہا کیا۔ میرال کی طرف سے سوال؟ مجھے اور وہ بھی درد۔۔۔۔۔ بلکل نہیں مجھے درد کی عادت ہو گئی ہے۔اس لئے اب درد محسوس نہیں ہوتا۔زاویار نے پر سکون لہجے میں جواب دیا۔ میرال اس کی پر سکونی پر حیران تھی۔اچھا میں چلتی ہوں آپ اپنا خیال رکھنا میرال یہ کہتی دروازے کی طرف جانے لگی جب زاویار بولا: تمہیں یہاں کے ہوسپیٹل کی لوکیشن کس نے بتائی۔زاویار سیریس لہجے میں بولا۔وہ میں پہلے اس ہسپیٹل میں آئی تھی کوئی کام تھا اس لئے۔میرال یہ کہہ کر وہاں سے رفو چکر ہو گئی تا کہ زاویار اس سے کوئی اور سوال نہ پوچھ لے۔۔۔۔۔۔جب کے زاویار اس کے صاف جھوٹ پر

حیران۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔@

@@@@@@@@@@@@@@@@@@

@@

ماضی:::::دو دن سے میرال گھر کا کوئی کام نہ کرتی۔کالج سے آتی۔اور اپنے لئے خود کھانا، ناشتہ بناتی۔اور رات کو بیٹھ کر پڑھائی کرتی تھی۔اس کے ایگزیم بہت قریب تھے۔اس لئے وہ بہت محنت کر رہی تھی۔ابھی بھی وہ پڑھائی کر رہی تھی جب دروازے سے کوئی آیا۔دروازے سے اندر آنے والی شخصیت سلمہ بیگم ہی تھی۔میرال میرے سر میں درد ہے اچھی سہ چاہیے بنادو صبح سے اتنا کام کر رہی ہوں اب جلدی سے بنادوں سلمہ بیگم یہ کہہ کر کمرے سے جانے لگی

جب میرال بولی۔میں پڑھائی کر رہی ہوں آپ یہ کام بھی خود کر لے۔میرال یہ بول کر دوبارہ سے پڑھائی میں مصرف ہو گئ۔جب کے سلمہ بیگم کچھ بولنے لگی لیکن پھر ان کے دل میں خیال آیا۔۔۔۔۔۔نہیں ابھی کچھ نہیں کہتی کچھ دن تک خود ہی ٹھیک ہو جائے گی ورنہ میں ٹھیک کر دوں گی۔سلمہ بیگم یہ سوچتے ہوئے بولی ٹھیک ہے بیٹا تم پڑھو میں خود ہی بنالوں گی۔سلمہ یہ کہہ کر کمرے سے چلی گئ جب کے میرال کے ہاتھ سے کتاب گر گئ۔اسے یقین نہیں آرہا تھا کے

یہ وہی سلمہ بیگم ہیں جو سارا دن اس سے کام کرواتی رہتی تھی۔ میرال کو کچھ غلط ہونے کا احساس ہوا۔ تبھی اس کے ذہن میں ایک خیال آیا۔ان کا موڈ کچھ بہتر ہے تو میں یہ بات ضرور پوچھو گی ان سے۔ میرال سوچتے ہوئے بولی۔اور پھر وہ دوبارہ سے اپنے ایگزیمز کی تیاری کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@

@@ تمہیں میں نے منع کیا تھا کہ باس کے سامنے ایسی کوئی بات نہ کرو اب سکون میں آ گئے ہوں سب بتا کر پتہ نہیں اب باس ارحم کے ساتھ کیا کرے گے۔ شایان سوچتے ہوئے بولا۔ تمہیں اس کی فکر ہے میری نہیں جو انھوں نے مجھ سے کہا ہے۔ میری انسلٹ کی ہے اور باس جو کرے گا ارحم کے ساتھ بلکل سہی کرے گا۔اس کو زیادہ سائیڈ لینی ہوتی ہے اس میرال صاحبہ کی زیادہ ہمدرد بنتا تھا۔ آج ساری ہمدردی چلی جائے گی۔ آیان مزے سے بولا۔ آیان تم پہلے اس طرح تو نہیں تھے۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے ؟۔ شایان فکر مندی سے بولا۔ مجھے

کچھ نہیں ہوا تم سب کو کچھ ہوا ہے۔ تم لوگ بھول گئے جب اس نے ہمارے باس کی اتنی انسلٹ کی اور وہ بھی ہسپٹل میں۔ آیان سنجعدہ لہجے میں بولا۔ ہمیں سب یاد ہے لیکن ہمارا یہ حق نہیں کہ ہم کوئی شیکایت کرے اگر ہمارے بھائی کو کوئی مسئلہ نہیں تو ہمیں بھی کوئی مسئلہ نہیں شایان بولا۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@

